## میر خلیل الرحمٰن مرحوم نے صحافت کے فروغ کیلئے جو خدمات انجام دی ہیں وہ ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔ الطاف حسین
## میر خلیل الرحمٰن مرحوم نے اپنی شبانہ روز محنت کے ذریعے روزنامہ جنگ کی ایسی امپائر قائم کی جو روز بروز ترقی کر رہی ہے
## میر خلیل الرحمٰن مرحوم کی اٹھارہویں برسی پر میر شکیل الرحمٰن، میر جاوید الرحمٰن اور تمام اہل خانہ سے الطاف حسین کا اظہار تعزیت

لندن۔۔۔25 جنوری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ میر خلیل الرحمٰن مرحوم نے پاکستان میں صحافت کے فروغ کیلئے جو خدمات انجام دی ہیں وہ ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔ روزنامہ جنگ کے بانی میر خلیل الرحمٰن مرحوم کی اٹھارہویں برسی پر اپنے پیغام میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ میر خلیل الرحمٰن نے اپنی پوری زندگی صحافت کے فروغ کیلئے وقف کردی، میر خلیل الرحمٰن مرحوم نے قیام پاکستان سے قبل دہلی سے روزنامہ جنگ کی بنیاد رکھی، قیام پاکستان کے بعد روزنامہ جنگ کو بھی ہجرت کے کربناک عمل سے گزرنا پڑا لیکن میر خلیل الرحمٰن نے صحافت کے فروغ کا یہ سفر جاری رکھا اور کراچی سے روزنامہ جنگ کا آغاز کر کے ملک میں صحافت کی مضبوط و مستحکم بنیاد ڈالی۔ میر خلیل الرحمٰن مرحوم نے اپنی شبانہ روز محنت کے ذریعے روزنامہ جنگ کی ایسی امپائر قائم کی جو روز بروز ترقی کر رہی ہے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ میر خلیل الرحمٰن نے صحافت کے فروغ کیلئے جو مثالی خدمات انجام دی ہیں وہ ناقابل فراموش ہیں۔ جناب الطاف حسین نے میر خلیل الرحمٰن کی اٹھارہویں برسی پر مرحوم کے صاحبزادوں میر شکیل الرحمٰن، میر جاوید الرحمٰن اور ان کے تمام اہل خانہ سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ میر خلیل الرحمٰن مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ دے اور تمام لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔

## وفاقی وزیر انصاف و قانون بابر اعوان کی علالت پر ایم کیو ایم کے قائد الطاف حسین کا اظہار تشویش

لندن۔۔۔25 جنوری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے وفاقی وزیر انصاف و قانون بابر اعوان کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔ اپنے بیان میں جناب الطاف حسین نے دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ بابر اعوان کو شفائے کاملہ عطا کرے۔

## لاہور میں کمسن بچے جمشید کو اغواء اور زیادتی کا نشانہ بنا کر قتل کرنے کا نوٹس لیا جائے، رابطہ کمیٹی
## پنجاب خصوصاً لاہور میں معصوم بچوں کے اغواء اور تشدد کے بعد قتل کے واقعات ملک بھر کے غریب عوام کیلئے تشویش کا باعث ہیں
## مقتول جمشید کے سوگوار لواحقین سے رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

لاہور۔۔۔25، جنوری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان افتخار اکبر رندھاوا اور ڈاکٹر چوہدری علی حسین نے لاہور کے علاقے مغل پورہ میں 11 سالہ کمسن بچے جمشید کو اغواء کے بعد زیادتی کا نشانہ بنا کر قتل کرنے کے واقعہ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ صوبہ پنجاب میں معصوم بچوں کے اغواء، زیادتی اور تشدد سے ہلاکتوں کا فوری نوٹس لیا جائے۔ ایک بیان میں افتخار اکبر رندھاوا اور ڈاکٹر علی حسین نے معصوم بچے جمشید کے سوگوار لواحقین سے دلی افسوس و ہمدردی کا اظہار کیا اور انہیں صبر کی تلقین کی۔ انہوں نے کہا کہ صوبہ پنجاب بالخصوص لاہور میں غریب معصوم بچوں کے اغواء، تشدد اور ہلاکتوں کے واقعات میں اضافہ ملک بھر کے غریب عوام خصوصاً والدین کیلئے تشویش کا باعث ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ روز بھی لاہور میں بااثر افراد نے گھریلو ملازمہ 13 سالہ شازیہ کو بہیمانہ تشدد کا نشانہ بنا کر انتہائی بے دردی سے قتل کر دیا تھا اور ابھی مقتولہ شازیہ کے قاتلوں کو گرفتار کر کے سزا بھی نہیں دی جا سکی تھی کہ لاہور میں ہی ایک اور معصوم بچے جمشید کو اغواء کرنے کے بعد زیادتی کا نشانہ بنا کر ہلاک کر دیا گیا جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ افتخار اکبر رندھاوا اور ڈاکٹر چوہدری علی حسین نے صدر آصف علی زرداری، وزیر اعظم پاکستان سید یوسف رضا گیلانی، گورنر پنجاب سلمان تاثر اور وزیر اعلیٰ پنجاب شہباز شریف سے مطالبہ کیا کہ لاہور مغل پورہ میں جمشید کو اغواء کے بعد زیادتی کا نشانہ بنا کر قتل کرنے والے ملزمان کو فی الفور گرفتار کیا جائے اور مقتول جمشید کے ورثاء کو انصاف فراہم کیا جائے اور ایسے افسوسناک واقعات کی روک تھام کیلئے عملی اقدامات کئے جائیں۔

## کارکنان وہمدردملازمت،ترقی اور مالی امداد کی درخواستیں ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن فیکس نہ کریں، رابطہ کمیٹی

## ہمدردعوام شادی بیاہ، طلاق، گھریلو جھگڑے، رقم کی لین دین، فلیٹ اور مکان پر قبضہ، مالک مکان اور کرائے دار کے درمیان تنازعہ کے معاملات کی درخواستیں لندن فیکس کرنے کے بجائے اپنے متعلقہ منتخب نمائندوں کو دیں

لندن۔۔۔25،جنوری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے کارکنان و ہمدردوں سے پرزور اپیل کی کہ وہ ملازمت، ترقی اور مالی امداد کی درخواستیں ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن فیکس نہ کریں۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ملازمت، ترقی اور مالی امداد کے معاملات انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں نہیں دیکھے جاتے اوران مسائل کے حل کیلئے ایم کیوایم کے عوامی سیکریٹریٹ خورشید بیگم میموریل ہال عزیزآباد میں ایمپلائمنٹ سیل اورامدادی کمیٹی قائم ہے جہاں ملازمت، ترقی اور مالی امداد کے معاملات دیکھے جاتے ہیں۔رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے ہمدردعوام سے بھی اپیل کی کہ وہ شادی بیاہ، طلاق، گھریلو جھگڑے، رقم کی لین دین، فلیٹ اور مکان پر قبضہ، مالک مکان اور کرائے دار کے درمیان تنازعہ کے معاملات کی درخواستیں لندن فیکس کرنے کے بجائے اپنے متعلقہ منتخب نمائندوں کو دیں اوراس قسم کی شکایات لندن فیکس کرنے سے گریز کریں۔

☆☆☆☆☆